CPRG Covenant Protestant Reformed Church

خُدا محبت ہے

مصنف: انگوس سٹیورٹ   مترجم: فیاض انور

''خُدا محبت ہے'' یہ مقدس صحائف کی دلوں کو گرما دینے والی تصدیق ہے۔

خُدا محبت ہے کیوں کہ خُدا تثلیث ہے، وہ تین اقانیم پر مشتمل واحد ہستی ہے، یعنی خُدا باپ، خُدا بیٹا اور خُدا رُوح القدس۔ خُدا نے فرشتوں اور انسانوں کی تخلیق سے محبت کا آغاز نہیں کیا۔ بلکہ وہ ہمیشہ سے ہی محبت کرتا ہے کیوں کہ وہ اپنی ذات میں ابدی محبت ہے۔ خُدا کی ذات میں باپ اور بیٹا اور رُوح القدس ایک مثالی محبت میں پیوست ہیں۔ تثلیث کے پہلے دو اقانیم کے درمیان الٰہی اور شخصی بندھن کی تصویر ہمیں کلام مقدس میں کئی جگہوں پر ملتی ہے۔ بیٹا ہمیشہ سے ''اکلوتے بیٹے'' کے طور پر ''باپ کی گود میں ہے''، جو اپنے باپ کی ''ذات کا نقش'' ہے (یوحنا 18:1؛ عبرانیوں 3:1)۔ باپ اور بیٹے کی محبت بھری رفاقت اور اتحاد میں کیا ہی خوشی اور سلامتی ہے۔

چوں کہ یہ محبت خُدا کی محبت ہے، اِس لیے یہ تمام الٰہی کمالات کی تصویر کشی کرتی ہے۔ خُدا کی محبت محدود، عارضی، قابل تبدیل، ناپاک یا کمزور نہیں ہے۔ خُدا کی محبت لامحدود، ناقابل تبدیل، ابدی، مقدس اور قدرت سے بھرپور ہے۔

کلسیوں 14:3 محبت کو بہ طور ''کمال کا پٹکا'' بیان کیا گیا ہے۔ یقیناً تثلیث میں یہ بندھن کامل ہے۔ کیوں کہ باپ اور بیٹا دونوں بے حد پاک اور اور خوب صورت محبت کے بندھن میں بندھے ہیں اور وہ دونوں الٰہی رُوح میں کامل ہیں۔ یہ عہدی محبت اور دل کش رفاقت کا کیسے حسین امتزاج ہے۔

لیکن یہوواہ اپنے چنے ہوئے لوگوں سے کیسے محبت کرتا ہے جو آدم میں گناہ اور ابتری کا شکار گئے؟ کامل خُدا جو تمام کمالات کا سرچشمہ ہے اُس میں اور گناہ گار اور غیر کامل انسانوں کے درمیان کیسے کامل محبت کا بندھن پروان چڑھ سکتا ہے؟

اِس کا جواب یہ ہے کہ قادر مطلق خُدا صرف مسیح میں ہم سے محبت کرتا ہے۔ صرف مسیح میں ہم، چنے ہوئے، چھڑائے ہوئے، نئے سرے سے پیدا شدہ، بلائے ہوئے، راست باز ٹھہرائے اور مقدس کیے ہوئے ہیں۔ صرف مسیح میں ہی ایسا ہو سکتا ہے، اور خُدا ہمیں اُسی الٰہی محبت کے کامل بندھن میں محبت کرتا ہے۔ یہاں تک کہ مسیح میں ہم پاک تثلیث کی بابرکت اور ابدی محبت میں بھی شامل ہیں۔ اِس میں تعجب کی ضرورت نہیں کہ رسول نے بیان کیا کہ ''خُدا کی جو محبت ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہے اُس سے ہم کو نہ موت جدا کر سکے گی نہ زندگی'' (رومیوں 39:8)۔ یقیناً یہ قادر مطلق اور مہربان خُدا کی اپنے چنے ہوئے اور یسوع کے خون سے مہر کیے ہوئے لوگوں سے ناقابل فنا اور اٹوٹ محبت ہے۔

یہ مسیح کی صلیب یا معجزہ ہے کہ وہ ''اپنے اُن لوگوں سے جو دُنیا میں تھے جیسی محبت رکھتا تھا آخر تک محبت رکھتا رہا'' (یوحنا 1:13)۔ اپنی زندگی سے موت تک اور ہماری زندگیوں سے موت تک اور آنے دُنیا کے لامتناہی دور تک خُدا کا بیٹا ہمیشہ ہم سے محبت کرتا ہے۔

خُدا کی حیرت انگیز اور قدرت سے بھرپور محبت کی سب سے اعلیٰ مثال ہمیں کلوری پر ملتی ہے۔ اُسی کے وسیلہ سے خُدا کے فرزند اپنے گناہوں سے توبہ کرتے اور اپنی زندگیاں اپنے خالق اور نجات دہندہ کے لیے بسر کرتے ہیں۔ اور وہ خُدا سے اور اُس کے لوگوں سے محبت کرتے ہیں اور مسیح کی خاطر اپنے پڑوسی سے محبت کرتے ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں، ''جو محبت نہیں رکھتا وہ خُدا کو نہیں جانتا کیوں کہ خُدا محبت ہے'' (1-یوحنا 8:4)